«مُلَخَّصٌ في علم الفرائض»

(تلخیص علم فرائض)

بقلم:

شیخ ھیثم بن محمَّد سرحان –حفظه اللہ–

سابق مدرس معھد حرم مسجد نبوی

و مشرف معھد السنه ویب سائٹ

غفر اللہ له ولوالدیه ولمن أعانه علی إخراج ھذا الکتاب

مترجم:

ڈاکٹر محفوظ الرحمن بن خلیل الرحمن سلفی

اسی کے ساتھ منسلک ہے:

منظومة: «بُغْيَةِ الْبَاحِثِ عَنْ جُمَلِ الْمَوَارِثِ» المشهورة بـ: «الرَّحَبِيَّة»

ومنظومة: «الْقَلَائِدِ الْبُرْهَانِيَّةِ فِي الْفَرَائِضِ»

طبعہ اولی

جملہ حقوق محفوظ ہیں

سوائے اس شخص کے جو اسے مؤلف کے مراجعہ کے بعد مفت بانٹنے کے لئے چھاپنا یا ترجمہ کرنا چاہے

اس ایمیل پر میسیج کریں: (islamtorrent@gmail.com)

فسح وزارة الإعلام: ٥٧٢٢٦٩٢٠٢١٠٣١٠

ح هيثم محمد جميل سرحان ، ١٤٤٢هـ

فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر

سرحان ، هيثم محمدجميل عبدالغني
كتاب ملخص في علم الفرائض. / هيثم محمدجميل عبدالغني سرحان .- المدينة المنورة ، ١٤٤٢هـ
٦٤ ص ؛ ٢١*٢٩,٧ سم

ردمك: ٩٧٨-٦٠٣-٠٣-٧٠٨٨-٧

١- المواريث أ.العنوان
ديوي ٢٥٣,٩٠١ ١٤٤٢/٦٤٨٨

رقم الإيداع: ١٤٤٢/٦٤٨٨
ردمك: ٩٧٨-٦٠٣-٠٣-٧٠٨٨-٧

مقدمہ:

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

الحمد لله، نحمده، ونستعينه، ونستغفره، ونتوب إليه، ونعوذ بالله من شرور أنفسنا، ومن سيِّئات أعمالنا، من يهده الله فلا مُضلَّ له، ومن يضلل فلا هادي له، وأشهد أن لا إله إلَّا الله وحده لا شريك له، وأشهد أنَّ محمّدًا عبده ورسوله، صلَّى الله عليه، وعلى آله، وأصحابه، ومن تبعهم بإحسانٍ، وسلَّم تسليمًا.

أمَّا بعد:

یہ ہمارے ادارے -معہد السنہ (سنت انسٹی ٹیوٹ)- کے نصاب کے مطابق مفید مشقوں کے ساتھ فرائض کے اہم مسائل کا خلاصہ ہے۔

میں امید کرتا ہوں کہ آپ ہمارے ساتھ جڑیں گے اور مسائل کو حل کریں گے۔ اور -ان شاء اللہ- حل کیے ہوئے مسائل کی تصحیح الیکٹرانک طور پر ہوگی، معہد کا لنک مندرجہ ذیل ہے:

https://bit.ly/2JicSlI

فہرس الموضوعات:

موضوع		صفحہ
مقدمہ	....	۳
علم الفرائض وأدلتّہ وموضوعہ	....	۵
أرکان الإرث وشروطہ وأسبابہ وموانعہ	....	۶
أقسام الإرث وتفصیل الورثۃ	....	۹
الوارثون من الذّکور	....	۹
الوارثات من النّساء	....	۱۰
أصحاب فرض النّصف	....	۱۲
أصحاب فرض الرّبع	....	۱۹
أصحاب فرض الثّمن	....	۲۱
أصحاب فرض الثّلثین	....	۲۲
أصحاب فرض الثُّلث	....	۲۵
أصحاب فرض السّدس	....	۲۷
مراجعۃٌ لأصحاب الفروض	....	۳۳

موضوع		صفحہ
العصبۃ وأقسامھا وترتیبھا	....	۳۶
الحجب	....	۴۰
العول	....	۴۳
الرَّدُّ	....	۴۵
الانکسار والتّصحیح	....	۴۹
المُناسخات	....	۵۵
میراث ذوي الأرحام	....	۵۷
قسمۃ التّرکات	....	۶۰
میراث الحمل	....	۶۳
میراث المفقود	....	۶۴
میراث الختنی المشکل	....	۶۶
میراث الغرقی والھدمی	....	۶۶
المنظومۃ الرّحبیّۃ	....	۶۹
منظومۃ القلائد البرھانیّۃ	....	۸۰

علم فرائض، اس کے دلائل اور اس کا موضوع

❁ جب آپ جمع کریں گے:

۱) نبی ﷺ کے فرمان: **"مقررہ حصے ان کے حقداروں کو دو اور ان سے جو باقی بچے وہ سب سے قریبی مرد کا ہے"**۔ متفق علیہ۔

۲) کو میراث والی آیتوں کے ساتھ۔

تو آپ پائیں گے کہ یہ (حدیث اور آیتیں) میراث کے اکثر احکام کو شامل ہے۔

فرائض کی تعریف	فقہ اور ریاضی کے مطابق وراثت کی تقسیم کا علم۔
اس کا موضوع	ترکہ: یعنی: مال، حقوق اور خصائص وغیرہ جسے میت چھوڑ کے جاتا ہے۔
اس کا ثمرہ	ہر وارث کو ترکہ سے اس کا حق دینا، اور اس بنا پر اس کی اہمیت اور حکم کو جان سکتے ہیں۔
اس کا حکم	یہ فرض کفایہ ہے، لہذا اگر کوئی شخص اس کی ذمہ داری اٹھالیتا ہے تو باقیوں کے حق میں سنت ہو جاتا ہے۔

ترکہ سے متعلق پانچ حقوق ہیں (ان کا مخفف: تدومہ ہے) جو ان کی اہمیت کے مطابق درج ذیل میں ترتیب وار مذکور ہیں:

[۱] میت کی تجہیز	[۲] عین	[۳] مرسلہ دیون	[۴] وصیت	[۵] میراث
[۱] میت کی تجہیز و تکفین کا سامان، جیسے: اس کو نہلانے کے پانی کی قیمت، اس کا کفن، حنوط، نہلانے والے اور گورکن کی اجرت وغیرہ، بھلے انداز میں تیار کرنا۔	[۲] عین ترکہ کی ملکیت سے متعلق حقوق: جیسے وہ قرض جس میں رہن ہو۔	[۳] مرسلہ دیون: یعنی وہ قرض جس کا عین ترکہ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، جیسے میت پر بغیر رہن کے واجب الادا قرض، چاہے وہ ہو: [ا] اللہ کا: جیسے زکوۃ اور کفارہ۔ [ب] یا آدمی کا: جیسے قرض، اجرت، فروخت شدہ اشیا کی قیمت۔	[۴] وصیت: ایک تہائی یا اس سے کم میں وہ بھی غیر وارث کے لئے، جہاں تک وارث کے لئے وصیت کرنے کے حکم کی بات ہے تو یہ	[۵] میراث: اور سب سے پہلے اصحاب الفروض سے شروعات ہوگی، پھر جو بچے گا وہ عصبہ کے لئے ہوگا۔

					حرام ہے۔	

میراث کے ارکان، شروط، اسباب اور اس کے موانع

میراث کے ارکان تین ہیں:

[ا] مُورِّث: یہ وہ شخص ہے جس کی طرف سے ترکہ منتقل ہوتا ہے، یعنی میت۔	[۲]وارث: یہ وہ شخص ہے جس کی جانب ترکہ منتقل ہوتا ہے۔	[۳]موروث: یعنی ترکہ۔

میراث کے شروط تین ہیں:

[ا]مورِّث کی موت: حقیقی طور پر یا حکمی (قانونی) طور پر۔	[۲] مورِّث کی موت کے بعد وارث کا زندہ رہنا گرچہ لمحہ بھر کے لیے ہی کیوں نہ ہو: حقیقی طور پر یا حکمی (قانونی) طور پر۔	[۳]وراثت کے سبب کا علم۔

وارث بننے کے اسباب تین ہیں:

[ا] نکاح: اس سے مراد صحیح عقد نکاح ہے، جس کی وجہ سے شوہر بیوی کا اور بیوی شوہر کا وارث بنتی ہے گرچہ حصولِ خلوت اور وطی نہ ہوئی ہو، طلاق رجعی میں عورت جب تک عدت میں رہے گی تب تک زن وشو ایک دوسرے کے وارث بننے کے حقدار ہوں گے۔	[۲] نسب: اس سے مراد رشتہ داری ہے، اور یہ دو انسانوں کے مابین قریبی یا دوری والی قرابت کو کہتے ہیں۔	[۳] ولاء: یہ آزادی کی ولاء ہے، جو کہ آزاد کرنے والے اور بذات خود عصبہ بننے والوں کے درمیان ایک بندھن ہے۔

وارث بننے سے روکنے والے موانع تین ہیں:

[ا] غلامی: یہ وہ وصف ہے جس کی وجہ سے	[۲] قتل: یہ بلا واسطہ یا بالواسطہ کسی	[۳] مذہب کا فرق: اس سے مراد

انسان مملوک ہوتا ہے، یعنی: اسے خریدا بیچا جاتا ہے، ہبہ کیا جاتا ہے، وارث بنایا جاتا ہے، اس میں تصرف کیا جاتا ہے، اور وہ بذات خود آزادانہ تصرف نہیں کر سکتا، اور چونکہ اس کے پاس ملکیت نہیں ہے لہذا وہ میراث کا حقدار نہیں بن سکتا، کیونکہ ہم اگر اسے وارث بنائیں گے تو درحقیقت اس کے آقا کو وارث بنائیں گے جو کہ میت کے لئے بالکل اجنبی ہے۔

کی جان لینا ہے، وراثت سے وہ قتل روکتا ہے جو ناحق ہو یعنی جان بوجھ کر اسے کرنے پر گناہ ہوتا ہو، اور اسمیں کوئی فرق نہیں کہ وہ قتل جان بوجھ کر ہو یا انجانے میں سد ذریعہ کے طور پر۔

یہ ہے کہ ایک آدمی کسی مذہب کا ماننے والا ہو اور دوسرا کسی اور مذہب کا ماننے والا، مثلا ایک مسلمان ہو اور دوسرا کافر، یا ایک یہودی ہو اور دوسرا نصرانی یا وہ لا مذہب ہو۔

خود کو پرکھیں:

- ہم فرائض کیوں پڑھیں؟ ☐ تاکہ ہر وارث کو اس کا حق دیا جا سکے ☐ کیونکہ علم فرائض سیکھنے پر اجر ہے ☐ کیونکہ یہ نصف علم ہے ☐ سبھی۔
- فرائض سیکھنا واضح اور آسان ہے، لیکن اسے یاد کرنے اور ضبط کرنے کی ضرورت ہے [☐ صحیح ☐ غلط]۔
- میراث کے اسباب ہیں: ☐ دو ☐ تین ☐ چار۔
- مناسب عبارت کے سامنے مناسب نمبر لکھیں؟

۱	نکاح		ایسی عصوبت (قرابت) جس کا سبب آزاد کرنے والے کا اپنے آزاد کردہ غلام پر احسان ہے، اور اس کا وارث آزاد کرنے والا اور بذات خود عصبہ بننے والے اس کے عصبہ (رشتہ دار) ہیں۔
۲	ولاء		قرابت داری، اور اس کے ذریعہ اصل، فرع اور حواشی سبھی وارث بنتے ہیں۔
۳	نسب		صحیح ازدواجی معاہدہ، جس کے تحت بیوی کے مرنے پر شوہر کو وراثت ملے گی، اور اگر شوہر وفات پا جائے تو ایک یا ایک سے زائد بیویاں وارث ہوں گی۔
۴	غلامی		جس نے کسی چیز کو پانے کی جلد بازی کی تو اسے اس سے محروم کرنے کی سزا دی جائے گی۔
۵	قتل		مسلم کافر کا وارث نہیں بنے گا۔
٦	مذہب کا فرق		کیونکہ اس کے پاس مال نہیں ہے، اور وہ اپنے آقا کی ملکیت ہے، اور اگر ہم

			اسے وارث بناتے ہیں تو درحقیقت اس کے آقا کو وارث بنائیں گے، جبکہ آقا کے پاس وارث بننے کا کوئی سبب موجود نہیں ہے۔

❁ اس وجہ کے لیے مناسب نمبر لگائیں جس کے سبب درج ذیل میں سے ہر ایک کو وراثت میں حصہ ملا ہے:

۱	باپ		نکاح
۲	عم لاُم (ماں کی طرف سے چچا)		ولاء
۳	شوہر		نر اصول کی طرف سے نسب
۴	بیٹی		اس کا کوئی سبب نہیں
۵	اخیافی بہن		مذکر حواشی کی طرف سے نسب کے لئے
۶	آزاد کرنے والی		اس کا کوئی سبب نہیں
۷	سگا بھائی		مذکر فروع کی طرف سے نسب کے لئے
۸	پرپوتا		مؤنث فروع کی طرف سے نسب کے لئے
۹	سگی پھوپھی		مؤنث اصول کی طرف سے نسب کے لئے
۱۰	نانی		مؤنث حواشی کی طرف سے نسب کے لئے

❁ علم فرائض کو سیکھنے کے لئے مسائل کو حل کرنے کی مشق کیے بغیر محض نظریاتی مطالعہ کافی ہے [□ صحیح □ غلط]۔

❁ فرائض کے اندر حساب ہے، اور حساب وریاضیات میں مہارت حاصل کرنے کے لیے عملی مشقوں اور مسائل کو حل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے [□ صحیح □ غلط]۔

❁ وارث کبھی کبھی میراث پانے کا سبب موجود ہونے کے باوجود وارث نہیں بن پاتا [□ صحیح □ غلط]۔

❁ مطلقہ رجعیہ جب تک عدت میں رہے گی تب تک وراثت پانے کی حقدار ہے [□ صحیح □ غلط]۔

❁ عورت نے غلام شوہر کو چھوڑا تو کیا وہ اس کا وارث بنے گا؟ □ ہاں وارث بنے گا □ نہیں وارث نہیں بنے گا۔

❁ ترکہ سے متعلق حقوق اس کلمہ میں اکٹھا ہوتے ہیں: □ تدوم □ رنحط □ عش لک رزقٌ۔

❁ ترکہ سے متعلق حقوق کو مرتب کریں: [ ] معروف طریقے سے تجہیز وتکفین [ ] دیون معلقہ [ ] دیون مرسلہ [ ] غیر وارث کے لئے ایک تہائی یا اس سے کم کی وصیت [ ] میراث۔

❁ علم فرائض کو سیکھنا: □ واجب ہے □ مُستحب ہے □ فرض کفایہ ہے □ فرض عین ہے۔

❁ طلاق بائن کے ذریعہ سببیت نکاح باطل ہو جاتا ہے گرچہ عدت مکمل نہیں ہوئی ہو [□ صحیح □ غلط]۔

وراثت کی قسمیں اور وارثین کی تفصیلات:

وراثت دو حصوں میں منقسم ہے:

[۱] فرض شدہ وراثت: جہاں وارث کا حصہ مقرر ہو، جیسے: نصف (آدھا) اور ربع (چوتھائی)۔

[۲] تعصیباً وراثت کا حصہ: جہاں وارث کا حصہ غیر مقرر ہو۔

- **فروض یعنی مقررہ حصوں کی تعداد** قرآن میں چھ ہے: آدھا ۱/۲، چوتھائی ۱/۴، آٹھواں ۱/۸، دو تہائی ۲/۳، ایک تہائی ۱/۳، چھٹا حصہ ۱/۶۔
- **متفقہ اصول مسائل** سات ہیں: ۲، ۳، ۴، ۶، ۸، ۱۲ اور ۲۴۔

مسئلہ	اتنے سے ہو گا
۱/۲ اور باقی	۲
۱/۳ اور باقی	۳
۱/۳ اور ۲/۳	۳
۱/۲ اور ۱/۸	۸
۱/۸ اور باقی	۸
۱/۲ اور ۱/۳	۶

مسئلہ	اتنے سے ہو گا
۱/۳ اور ۱/۴	۱۲
۲/۳ اور ۱/۴	۱۲
۱/۸ اور ۱/۶	۲۴
۱/۲ اور ۱/۲	۲
۲/۳ اور باقی	۳
۱/۲ اور ۱/۴	۴

مسئلہ	اتنے سے ہو گا
۱/۴ اور باقی	۴
۱/۶ اور باقی	۶
۱/۳ اور ۱/۶	۶
۱/۴ اور ۱/۶	۱۲
۱/۳ اور ۱/۴ اور ۱/۶	۱۲
۲/۳ اور ۱/۸	۲۴

مرد وارثوں کی تعداد (۱۵) ہے

[۱] بیٹا۔ [۲] پوتا گرچہ نیچے کا ہی ہو۔ [۳] باپ۔ [۴] دادا گرچہ اوپر ہی کا ہو۔ [۵] سگا بھائی۔ [۶] علاتی بھائی۔ [۷] اخیافی بھائی۔ [۸] سگا بھتیجا گرچہ نیچے کا ہی ہو۔ [۹] علاتی بھتیجا گرچہ نیچے کا ہی ہو۔ [۱۰] سگا چچا گرچہ نیچے کا ہی ہو۔ [۱۱] علاتی چچا گرچہ نیچے کا ہی ہو۔ [۱۲] سگا چچیرا بھائی گرچہ نیچے کا ہی ہو۔ [۱۳] علاتی چچیرا بھائی۔ [۱۴] شوہر۔ [۱۵] آزاد کرنے والا اور اس کے وہ قرابت دار جو بذات خود عصبہ بنتے ہوں۔

عورت وارثین کی تعداد (۱۰) ہے

[۱] بیٹی۔ [۲] پوتی گرچہ اس کا باپ نیچے کا ہی کیوں نہ ہو۔ [۳] ماں۔ [۴] نانی۔ [۵] دادی، اور ہر وہ جدہ (دادی) جو کسی وارث کے ذریعہ قریب ہوتی ہو۔ [۶] سگی بہن۔ [۷] علاتی بہن۔ [۸] اخیافی بہن۔ [۹] بیوی۔ [۱۰] آزاد کرنے والی اور اس کی عصبہ بالنفس۔

خود کو پرکھیں:

- مرد وارثین کی تعداد ہے: □ دس۔ □ پندرہ۔ □ دونوں تعداد صحیح ہے، پہلا اجمالی طور پر اور دوسرا تفصیلی طور پر۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ کی کتاب میں مقررہ حصوں کی تعداد ہے: □ چھ۔ □ سات۔ □ آٹھ۔
- ہر وارث کے آگے نمبر لکھ کر مرد وارثوں کو ترتیب دیں:

بیٹا	
باپ	
شوہر	
علاتی بھائی	
عینی بھائی	

پوتا گرچہ نیچے کا ہی کیوں نہ ہو	
دادا گرچہ اوپر کا ہی کیوں نہ ہو	
اخیافی بھائی	
سگا بھتیجا گرچہ نیچے کا ہی کیوں نہ ہو	
علاتی بھتیجا گرچہ نیچے کا ہی کیوں نہ ہو	

سگا چچا گرچہ اوپر کا ہی ہو	
علاتی چچا گرچہ اوپر کا ہی ہو	
سگا بھتیجا گرچہ نیچے کا ہی ہو	
علاتی بھتیجا گرچہ نیچے کا ہی ہو	
آزاد کرنے والا اور اس کا عصبہ بنفسہ	

- ہر وارث کے آگے نمبر لکھ کر خواتین وارثوں کو مرتب کریں:

بیٹی	
ماں	
علاتی بہن	

بیوی	
اخیافی بہن	
سگی بہن	

پوتی گرچہ اس کا باپ نیچے کا ہی ہو	
نانی	
دادی	
آزاد کرنے والی اور اس کا عصبہ بنفسہ	

- اصول مسائل اللہ کی کتاب میں بیان کردہ مقرر حصوں سے لئے گئے ہیں، جو کہ یہ ہیں: نصف (آدھا)، ربع (چوتھائی)، ثُمن (آٹھواں)، ثُلث (تہائی)، ثلثان (دو تہائی) اور سُدس (چھٹا حصہ) [□ صحیح □ غلط]۔
- متفق علیہ اصولِ مسائل ہیں: □ محدود۔ □ غیر محدود۔
- مجموعی وارثوں کی تعداد ہے (مرد اور عورت): □ پچیس۔ □ اٹھارہ۔

۞ اہل علم کے نزدیک متفق علیہ اصول مسائل ہیں ١٨ اور ٣٦ [☐ صحیح ☐ غلط]۔

۞ درج ذیل میں سے ہر مسئلے کی اصل کی وضاحت کریں:

مسئلہ یہ ہے:	اس کی اصل
١/٢ اور باقی	
١/٣ اور باقی	
١/٣ اور ٢/٣	
١/٢ اور ١/۴	
١/٨ اور ١/٢	
١/٢ اور ١/٣	
١/٢ اور ١/٨ اور ١/٦	

مسئلہ یہ ہے:	اس کی اصل
١/٢ اور ١/٢	
٢/٣ اور باقی	
١/۴ اور باقی	
١/٨ اور باقی	
١/٦ اور باقی	
٢/٣ اور ١/٨	
١/٦ اور ١/٨ اور ٢/٣	

مسئلہ یہ ہے:	اس کی اصل
١/٣ اور ١/۴	
٢/٣ اور ١/۴	
١/٨ اور ١/٦	
١/٣ اور ١/٦	
١/۴ اور ١/٦	
١/٣ اور ١/۴ اور ١/٦	

۞ درج ذیل میں سے وارث کے سامنے (☑) کا نشان اور غیر وارث کے سامنے (☒) نشان لگائیں:

سگا چچا کا پوتا	
اخیافی چچا	
پوتی	

سگی پھوپھی	
پرنانی	
نواسی	

سگے چچا کی بیٹی	
سگا بھتیجا	
علاتی بھتیجی	

۞ فروض مقدرہ کو کسر عددی (fractional number) میں اسی طرح میراث کے اعتبار سے اوپر سے نیچے تک ترتیب دیں جس انداز میں علماء نے انہیں ترتیب دیا ہے:

....

....

۞ اصول مسائل کو ادنیٰ سے اعلیٰ تک میراث کے اعتبار سے کسر عددی میں ترتیب دیں:

....

....

نصف (آدھا) پانے والے

نصف کے مالک پانچ افراد ہیں: شوہر، بیٹی، پوتی، سگی بہن اور علاتی بہن۔

پہلا: شوہر

- شوہر اپنی بیوی کے آدھے مال کا وارث ہوگا اگر بیوی کا کوئی فرع وارث نہ ہو تو۔
- اور فرع وارث یہ ہیں: اولاد (بیٹا اور بیٹی)، بیٹے کی اولاد (پوتا اور پوتی) گرچہ نیچے کے ہی کیوں نہ ہوں۔
- اس کی مثال: عورت نے وفات پائی اور اس نے اپنے پیچھے شوہر اور آزاد کرنے والی عورت کے بیٹے کو چھوڑا۔

تو فرع وارث نہ ہونے کی وجہ سے شوہر کو آدھا ملے گا۔

اور آزاد کرنے والی عورت کا بیٹا باقی مال لے گا کیونکہ وہ سب سے قریبی مرد ہے۔

اس طرح مسئلہ (۲) سے ہوگا: شوہر کو آدھا (۱) اور آزاد کرنے والی عورت کے بیٹے کو آدھا (۱) ملے گا۔

مثال ۱	۲
شوہر	۱
آزاد کرنے والی کا بیٹا	۱

مثال ۲	۲
شوہر	۱
سگا بھائی	۱

مثال ۳	۲
شوہر	۱
علاتی چچا	۱

مثال ۴	۲
شوہر	۱
علاتی بھتیجا	۱

خود کو پرکھیں:

- نصف (آدھا) پانے والے ہیں: □ چار۔ □ پانچ۔ □ تین۔
- نصف (آدھا) پانے والے لوگ بالترتیب یہ ہیں: [۱] ....، [۲] ....، [۳]........................، [۴]........................، [۵]..............................
- شوہر نصف پائے گا (□ فرع وارث □ اصل وارث) میں سے کسی ایک کے (□ ہونے □ نہ ہونے) کی وجہ سے۔
- فرع وارث یہ ہیں: [۱]............، [۲]............، [۳]..............، [۴]...............
- مسئلہ کو ترتیب دیں: [.....] عاصب۔ [.....] صاحب الفرض۔ [.....] اصل مسئلہ۔

۞ عورت نے وفات پائی اور اس نے شوہر اور آزاد کرنے والی عورت کے بیٹے کو چھوڑا تو: □ فرع وارث نہ ہونے کی وجہ سے شوہر کو نصف ملے گا۔ □ فرع وارث نہ ہونے کی وجہ سے شوہر کو نصف نہیں ملے گا۔

۞ ایک ایسا مسئلہ جس میں: شوہر اور سگے چچا کا بیٹا ہو، تو مسئلہ ہو گا: □ ۲ سے □ ۴ سے

۞ جب مسئلہ میں شوہر اور قاتل بیٹا ہو تو: شوہر کو نصف ملے گا [□ صحیح □ غلط]۔

۞ جب مسئلہ میں شوہر اور غلام بیٹا ہو تو: فرع وارث ہونے کی وجہ سے شوہر کو نصف نہیں ملے گا [□ صحیح □ غلط]۔

۞ عورت مری اور اس نے شوہر اور باپ کو چھوڑا تو: شوہر کو ملے گا: □ نصف۔ □ باقی۔

۞ مسئلہ میں شوہر اور آزاد کرنے والے مرد کا بیٹا ہے تو: شوہر کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں ملے گا۔

۞ مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	۲
شوہر	
دادا	۱

سوال ۲	
شوہر	۱
علاتی بھائی	

سوال ۳	
شوہر	
سگا چچا	

سوال ۴	
شوہر	
سگا بھتیجا	

سوال ۵	
شوہر	
باپ	

سوال ۶	
شوہر	
علاتی بھتیجا	

سوال ۷	
شوہر	
سگا بھتیجا	

سوال ۸	
شوہر	
سگے بھائی کا پوتا	

سوال ۹	
شوہر	
غلام بیٹا	
علاتی چچا	

سوال ۱۰	
شوہر	
قاتل بیٹی	
سگا بھائی	

سوال ۱۱	
شوہر	
کافر بیٹا	
سگا چچا	

سوال ۱۲	
شوہر اور غلام	
سگا بھائی	

دوسرا: بیٹی

۞ بیٹی نصف (آدھا) پائے گی، جب:

[۱] مُعصِّب نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد بیٹا کا ہونا ہے۔

[۲] مُماثل نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد دوسری بیٹی کا ہونا ہے۔

۞ کسی مسئلہ میں اگر: ایک بیٹی اور ایک پوتا ہو۔

تو مُعصب اور مماثل نہ ہونے کی وجہ سے، بیٹی نصف پائے گی۔

اور پوتا باقی پائے گا۔

چنانچہ مسئلہ (۲) سے ہوگا، بیٹی کو نصف (۱) ملے گا اور باقی (۱) پوتے کو ملے گا۔

- دوسرا مسئلہ: ایک بیٹی اور ایک بیٹا ہو۔

یہاں بیٹی کو نصف نہیں ملے گا کیونکہ مُعصِب موجود ہے، لہذا یہاں ہم ہر مذکر کو دوگنا (۲) اور مؤنث کو ایک گنا (۱) دیں گے وارثین کی تعداد کے اعتبار سے، چنانچہ مسئلہ (۳) سے ہوگا: بیٹے کو (۲) ملے گا اور بیٹی کو (۱) ایک ملے گا۔

مثال ۱	۲
بیٹی	۱
پوتا	۱

مثال ۲	۳
بیٹی	۱
بیٹا	۲

مثال ۳	۲
بیٹی	۱
آزاد کرنے والے کا بیٹا	۱

مثال ۴	۲
بیٹی	۱
سگا بھائی	۱

خود کو پرکھیں:

- نصف پانے والوں میں دوسری ہے: ☐ بیٹی۔ ☐ پوتی۔ ☐ شوہر۔
- بیٹی نصف پائے جب نہ ہو: ☐ مُعصِب۔ ☐ مُماثل۔ ☐ فرع وارث۔ ☐ سبھی۔ ☐ پہلا اور دوسرا۔
- عورت کا انتقال ہوا اور اس نے غلام بیٹی کو چھوڑا تو وہ: ☐ وارث ہوگی۔ ☐ وارث نہیں ہوگی۔
- کسی مسئلہ میں ایک بیٹی اور پانچ بیٹے ہیں تو: ☐ بیٹی کو نصف ملے گا۔ ☐ بیٹی کو نصف نہیں ملے گا، بلکہ وہ للذَّکر مثل حظِّ الأنثیین (مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا) قاعدہ کے تحت تعصیبًا حصہ پائے گی۔ ☐ اسے کچھ بھی نہیں ملے گا۔
- مسئلہ میں ایک بیٹی اور دو بیٹا ہے تو، مسئلہ ہوگا: ☐ ۳ سے ☐ ۴ سے ☐ ۵ سے ☐ ۷ سے
- مسئلہ میں ایک بیٹی اور چار بیٹے ہیں تو، مسئلہ ہوگا: ☐ ۷ سے ☐ ۵ سے ☐ ۶ سے ☐ ۹ سے
- مسئلہ میں ایک بیٹی اور غلام بیٹا ہے تو: ☐ بیٹی کو نصف ملے گا۔ ☐ اسے کچھ نہیں ملے گا۔
- مسئلہ میں ایک بیٹی اور تین بیٹا ہے تو، بیٹی کو ملے گا: ☐ ۶ میں سے ۱ ☐ ۷ میں سے ۱۔
- مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
ایک بیٹی	
ایک پرپوتا	

سوال ۲	
ایک بیٹی	
ایک بیٹا	

سوال ۳	
ایک بیٹی	
آزاد کرنے والی کا بیٹا	

سوال ۴	
ایک بیٹی	
سگا بھائی کا بیٹا	

سوال ۵	
ایک بیٹی	
سگا بھائی	

سوال ۶	
ایک بیٹی	
علاتی بھائی	

سوال ۷	
ایک بیٹی	
سگا چچا	

سوال ۸	
ایک بیٹی	
باپ	

سوال ۹	
ایک بیٹی	
۳بیٹے	

سوال ۱۰	
ایک بیٹی	
۳پوتے	

سوال ۱۱	
ایک بیٹی	
۳پر پوتے	

سوال ۱۲	
تین بیٹیاں	
بیٹا	

تیسرا: پوتی

❁ پوتی نصف (آدھے) کی وارث بنے گی، جب:

[۱] مُعصب نہ ہو، جو کہ پوتا ہے، جو اسی کے درجہ میں ہو۔

[۲] مُماثل نہ ہو، جو کہ پوتی ہے جو اسی کے درجہ میں ہو۔

[۳] اس سے اوپر کا فرع وارث موجود نہ ہو۔

مثال ۱	۲
پوتی	۱
پرپوتا	۱

مثال ۲	۳
پوتی	۱
پوتا	۲

مثال ۳	۱
پوتی	۰
بیٹا	۱

مثال ۴	۲
پوتی	۱
سگا بھتیجا	۱

خود کو پرکھیں:

❁ مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
پوتی	
سگا بھائی	

سوال ۲	
پوتی	
علاتی بھائی	

سوال ۳	
پوتی	
سگر پوتا	

سوال ۴	
پوتی	
سگا چچا	

سوال ۵	
پوتی	
بیٹا	

سوال ۶	
پوتی	
پوتا	

سوال ۷	
پوتی	
علاتی چچا	

سوال ۸	
پرپوتی	
آزاد کرنے والے کا بیٹا	

سوال ۹	
پوتی	
۳پوتے	

سوال ۱۰	
۳پوتیاں	
پوتا	

سوال ۱۱	
پرپوتی	
پوتا	

سوال ۱۲	
پوتی	
۳بیٹے	

❁ نصف پانے والوں میں تیسرا ہے: ☐ بیٹی۔ ☐ پوتی۔ ☐ سگی بہن۔

- پوتی نصف پائے گی جب: □ اس سے اوپر کا فرع وارث نہ ہو۔ □ مذکر اصل وارث نہ ہو۔ □ مُعصِّب اور مُماثل نہ ہو۔ □ سبھی۔ □ پہلا اور تیسرا۔
- ایسا مسئلہ جس میں پوتی اور بیٹا ہو، تو پوتی کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا قاعدہ کے تحت عمل ہو گا۔
- ایسا مسئلہ جس میں پوتی اور لکڑپوتا ہو، تو پوتی کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا قاعدہ کے تحت عمل ہو گا۔
- ایسا مسئلہ جس میں پوتی اور پوتا ہو، تو پوتی کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا قاعدہ کے تحت عمل ہو گا۔

چوتھا: سگی بہن

- سگی بہن کو نصف ملے گا، جب:

[۱] مُعصب نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد سگا بھائی کا ہونا ہے۔

[۲] مُماثل نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد دوسری سگی بہن کا ہونا ہے۔

[۳] فرع وارث موجود نہ ہو۔

[۴] مرد اصل وارث موجود نہ ہو، جو کہ باپ اور دادا ہے گرچہ اوپر کا ہی کیوں نہ ہو۔

مثال ۱	۲
سگی بہن	۱
علاتی بھائی	۱

مثال ۲	۳
سگی بہن	۱
سگا بھائی	۲

مثال ۳	۱
سگی بہن	۰
باپ	۱

مثال ۴	۲
سگی بہن	۱
شوہر	۱

خود کو پرکھیں:

- سگی بہن نصف پائے گی جب: □ فرع وارث موجود نہ ہو۔ □ مرد اصل وارث موجود نہ ہو۔ □ مُعصِّب اور مُماثل موجود نہ ہو۔ □ سبھی۔ □ پہلا اور تیسرا۔
- کسی مسئلہ میں سگی بہن اور علاتی بھائی ہوں تو، سگی بہن کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا (للذَّكر مثل حظِّ الأنثيين) قاعدہ کے تحت عمل ہو گا۔
- کسی مسئلہ میں سگی بہن اور سگا بھائی ہو تو، سگی بہن کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا (للذَّكر مثل حظِّ الأنثيين) قاعدہ کے تحت عمل ہو گا۔

- کسی مسئلہ میں سگی بہن اور علاتی بہن ہو تو، سگی بہن کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا(للذَّکر مثل حظِّ الأنثیین) قاعدہ کے تحت عمل ہو گا۔
- کسی مسئلہ میں ایک سگی بہن اور ۳ سگے بھائی ہوں تو، سگی بہن کو ملے گا: □ ۷ میں سے ۱ □ ۱۴ میں سے ۲ □ ۶ میں سے ۱۔
- مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
سگی بہن	
علاتی بھائی	

سوال ۲	
سگی بہن	
آزاد کرنے والے کا بیٹا	

سوال ۳	
سگی بہن	
آزاد کرنے والے کا باپ	

سوال ۴	
سگی بہن	
شوہر	

سوال ۵	
سگی بہن	
سگا بھائی	

سوال ۶	
سگی بہن	
پرپوتا	

سوال ۷	
سگی بہن	
باپ	

سوال ۸	
سگی بہن	
سگا بھتیجا	

سوال ۹	
سگی بہن	
پوتا	
باپ	

سوال ۱۰	
سگی بہن	
بیٹی	
بیٹا	

سوال ۱۱	
۴ سگی بہنیں	
۴ سگے بھائی	

سوال ۱۲	
۵ سگی بہنیں	
سگا بھائی	

پانچواں: علاتی بہن

- علاتی بہن نصف پائے گی، جب:

[۱] مُعصب نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد علاتی بھائی کا ہونا ہے۔

[۲] مُماثل نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد دوسری علاتی بہن کا ہونا ہے۔

[۳] فرعِ وارث نہ ہو۔

[۴] مذکر اصل وارث نہ ہو، جو کہ باپ اور دادا کا ہونا ہے گرچہ اوپر کا ہی کیوں نہ ہو۔

[۵] ایک یا ایک سے زائد سگا بھائی یا سگی بہن نہ ہو۔

مثال ۱	۲
علاتی بہن	۱
آزاد کرنے والے کا بیٹا	۱

مثال ۲	۱
علاتی بہن	۰
دادا	۱

مثال ۳	۱
علاتی بہن	۰
پرپوتا	۱

مثال ۴	۲
علاتی بہن	۱
شوہر	۱

خود کو پرکھیں:

۞ مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
علاتی بہن	
آزاد کرنے والی کا باپ	

سوال ۲	
علاتی بہن	
سگا بھتیجا	

سوال ۳	
علاتی بہن	
باپ	

سوال ۴	
علاتی بہن	
سگا بھائی	

سوال ۵	
علاتی بہن	
علاتی بھائی	

سوال ۶	
علاتی بہن	
شوہر	

سوال ۷	
علاتی بہن	
پرپوتا	

سوال ۸	
علاتی بہن	
علاتی چچا	

سوال ۹	
علاتی بہن	
سگی بہن	
سگا بھائی	

سوال ۱۰	
علاتی بہن	
۵ علاتی بھائی	

سوال ۱۱	
علاتی بہن	
شوہر	
سگا بھائی	

سوال ۱۲	
علاتی بہن	
بیٹی	
پوتا	

۞ یہ ممکن نہیں ہے کہ کسی مسئلہ میں نصف پانے والی عورت کسی دوسری نصف پانے والی عورت کے ساتھ اکٹھی ہو، اور اس کو فرضاً نصف بھی مل جائے: [□ صحیح □ غلط]۔

۞ نصف پانے والے وارثوں کی شرط ہے عدمیت: [□ صحیح □ غلط]۔

۞ علاتی بہن نصف پائے گی جب: □ فرع وارث موجود نہ ہو۔ □ مذکر اصل وارث موجود نہ ہو۔ □ مُعصب اور مُماثل موجود نہ ہو۔ □ ایک یا ایک سے زائد سگے بھائی اور سگی بہن کا نہ ہونا۔ □ سبھی۔ □ پہلا اور تیسرا۔

۞ کسی مسئلہ میں علاتی بہن اور علاتی بھائی ہوں تو، علاتی بہن کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورت کا دوگنا ملے گا، (للذّکر مثل حظّ الأنثيين) قاعدہ کے تحت عمل ہوگا۔

۞ کسی مسئلہ میں علاتی بہن اور سگا بھائی ہو تو، علاتی بہن کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا، (للذّکر مثل حظّ الأنثيين) قاعدہ کے تحت عمل ہوگا۔

۞ کسی مسئلہ میں علاتی بہن اور آزاد کرنے والے مرد کا باپ ہو تو، علاتی بہن کو ملے گا: □ نصف۔ □ کچھ بھی نہیں۔ □ عصبہ ہونے کی وجہ سے مرد کو عورتوں کا دوگنا ملے گا، (للذّکر مثل حظّ الأنثيين) قاعدہ کے تحت عمل ہوگا۔

۞ کسی مسئلہ میں ایک علاتی بہن اور پانچ علاتی بھائی ہوں، تو علاتی بہن کو ملے گا: □ ۱۱ میں سے ۱ □ ۲۲ میں سے ۲ □ ۶ میں سے ۱

چوتھائی پانے والے لوگ

- چوتھائی پانے والے لوگ ہیں: شوہر اور بیوی۔
- چوتھائی حصہ والے باب کو"غرفہ زوجیہ" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، اور کسی بھی مسئلہ میں شوہر وبیوی ایک ساتھ کبھی بھی جمع نہیں ہو سکتے ہیں۔
- شوہر کو چوتھائی ملے گا اگر اس کی بیوی کا کوئی فرع وارث نہ ہو، چاہے وہ اسی شوہر سے ہو یا دوسرے شوہر سے ہو۔

مثال ۱	۴
شوہر	۱
۳بیٹے	۳

مثال ۲	۴
شوہر	۱
بیٹی	۲
پوتا	۱

مثال ۳	۲
شوہر	۱
غلام بیٹا	۰
سگا چچا	۱

مثال ۴	۴
شوہر	۱
پوتی	۱
پوتا	۲

- ایک یا ایک سے زائد بیوی کو چوتھائی ملے گا: اگر شوہر کا کوئی فرع وارث نہ ہو (چاہے وہ اسی بیوی سے ہو یا کسی اور بیوی سے ہو)۔

مثال ۱	۴
بیوی	۱
قاتل بیٹی	۰
علاتی بھتیجا	۳

مثال ۲	۴
بیوی	۱
سگی بہن	۲
علاتی بھائی	۱

مثال ۳	۴
بیوی	۱
علاتی بہن	۱
علاتی بھائی	۲

مثال ۴	۴
بیوی	۱
سگی بہن	۲
سگا چچا	۱

خود کو پرکھیں:

- شوہر کا بیوی کے مال میں سے چوتھائی کا وارث بننے کے لئے بیوی کے فرع وارث کا موجود ہونا شرط ہے: □ اسی شوہر سے۔ □ اسی شوہر سے یا دوسرے شوہر سے بھی۔
- چوتھائی پانے والے لوگوں کے باب کو"غرفہ زوجیہ" کے نام سے جانا جاتا ہے لیکن دونوں کا ایک ساتھ اکٹھا ہونا ممکن ہے: [□ صحیح □ غلط]۔
- شوہر کو چوتھائی ملے گا جب کوئی فرع وراث: (□ موجود نہ ہو □ موجود ہو)۔
- بیوی کو چوتھائی ملے گا جب کوئی فرع وارث: (□ موجود نہ ہو □ موجود ہو)۔
- کسی مسئلہ میں شوہر اور نواسہ ہو تو، شوہر کو ملے گا: □ نصف۔ □ چوتھائی۔
- کسی مسئلہ میں ۱/۲ اور ۱/۴ تو مسئلہ ہو گا: □ ۴ سے □ ۸ سے □ ۲ سے

- کسی مسئلہ میں قاتل شوہر اور قاتل بیٹا ہو، تو شوہر کو ملے گا: □ نصف۔ □ چوتھا۔ □ کچھ بھی نہیں۔
- ایک سے لے کر (□۳ □۴ □۹) تک بیوی کو چوتھائی ملے گا اگر وہ ایک ہو تو اور جب وہ اس سے زائد ہو تو ہر ایک کو چوتھائی ملے گا: [□ صحیح □ غلط]۔
- مذکر میں سے اصل وارث ہے: □ باپ اور دادا اگرچہ اوپر کا ہی ہو۔ □ بیٹا اور پوتا اگرچہ نیچے کا ہی ہو۔ □ باپ اور دادا چاہے وہ کسی بھی جہت سے ہو۔
- مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
شوہر	
بیٹا	

سوال ۲	
شوہر	
۳ بیٹے	

سوال ۳	
بیوی	
سگا بھائی	

سوال ۴	
۳ بیویاں	
آزاد کرنے والی کا بیٹا	

سوال ۵	
شوہر	
بیٹی	
پوتی	

سوال ۶	
شوہر	
پوتی	
سگا چچا	

سوال ۷	
۴ بیویاں	
سگی بہن	
علاتی بھائی	

سوال ۸	
دو بیویاں	
علاتی بہن	
سگا چچا	

سوال ۹	
شوہر	
بیٹی	
بیٹا	

سوال ۱۰	
شوہر	
سگا بھتیجا	

سوال ۱۱	
بیوی	
سگی بہن	
سگا بھائی	

سوال ۱۲	
شوہر	
سگی بہن	
علاتی بھائی	

اضافی مسائل:

آٹھواں حصہ پانے والے

❁ ایک یا ایک سے زائد بیوی آٹھواں حصہ اس وقت پائے گی جب شوہر کا اس سے یا دوسری بیوی سے فرع وارث ہو۔

مثال ۱	۸
بیوی	۱
پوتی	۴
پرپوتا	۳

مثال ۲	۸
بیوی	۱
بیٹی	۴
پوتی	۳

مثال ۳	۸
بیوی	۱
بیٹی	۱
۳بیٹے	۶

مثال ۴	۴
بیوی	۱
پرپوتی	۴
لکڑپوتا	۳

خود کو پرکھیں:

❁ مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
۳بیویاں	
بیٹی	
پوتی	

سوال ۲	
۴بیویاں	
پرپوتی	
سگا بھتیجا	

سوال ۳	
بیوی	
پوتی	
۳پوتے	

سوال ۴	
بیوی	
سگا بھتیجا	

سوال ۵	
بیوی	
پوتی	
پرپوتا	

سوال ۶	
بیوی	
غلام بیٹی	
علاتی بھائی	

سوال ۷	
شوہر	
بیٹا	

سوال ۸	
بیوی	
سگی بہن	
سگا چچا	

سوال ۹	
۲بیویاں	
۳بیٹیاں	
۲بیٹے	

سوال ۱۰	
بیوی	
پوتی	
سگا بھتیجا	

سوال ۱۱	
بیوی	
علاتی بہن	
سگا بھتیجا	

سوال ۱۲	
غلام بیوی	
بیٹی	
پوتا	

❁ بیوی اگر اکیلی ہو تو اس کو آٹھواں حصہ ملے گا، اور جب وہ ایک سے زائد ہوں تو سبھی کو چوتھائی حصہ ملے گا [☐ صحیح ☐ غلط]۔

❁ آٹھواں حصہ پانے والے باب کو "غرفۃ الارامل" کے نام سے جانا جاتا ہے [☐ صحیح ☐ غلط]۔

❁ کسی مسئلہ میں ۱/۸ اور باقی ہو، تو مسئلہ: ☐۴ سے ☐۸ سے ☐۲۴ سے ہو گا۔

❁ کسی مسئلہ میں ۱/۲ اور ۱/۸ اور باقی ہو، تو ۱/۸ کا مقدار ہو گا (☐۱ ☐۲ ☐۴)، اور باقی ہو گا (☐۱ ☐۳ ☐۴)۔

- کسی مسئلہ میں بیوی اور پوتی ہو، تو بیوی کو ملے گا: □ چوتھائی حصہ۔ □ آٹھواں حصہ۔
- کسی مسئلہ میں بیوی اور پرپوتی ہو تو بیوی کو ملے گا: □ چوتھائی۔ □ آٹھواں۔
- کسی مسئلہ میں مطلقہ بائنہ بیوی اور پوتا ہو، تو بیوی کو ملے گا: □ چوتھائی۔ □ آٹھواں۔ □ کچھ بھی نہیں۔

دو تہائی پانے والے لوگ

- دو تہائی پانے والے لوگ چار ہیں جو کہ: شوہر کو چھوڑ کر نصف پانے والے باقی سبھی لوگ ہیں۔
- دو تہائی پانے کی شرائط بھی نصف پانے کی شرطوں کی طرح ہیں، الا یہ کہ نصف پانے کے لئے (عدم مماثل) کی شرط دو تہائی پانے والوں کے لئے (وجود مماثل) میں بدل جاتی ہے۔

پہلا: بیٹیاں

- بیٹیاں دو تہائی پائیں گی، جب:

[۱] مُعصِّب نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد بیٹا کا ہونا ہے۔

[۲] مُماثل موجود ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد دوسری بیٹیوں کا ہونا ہے۔

مثال ۱	۳
۳بیٹیاں	۲
پوتا	۱

مثال ۲	۱۲
۶بیٹیاں	٦
۳بیٹے	٦

مثال ۳	۳
۵بیٹیاں	۲
سگابھائی	۱

مثال ۴	٦
۴بیٹیاں	۴
بیٹا	۲

دوسرا: پوتیاں

- پوتیاں دو تہائی پائیں گی، جب:

[۱] مُعصب نہ ہو، جو کہ اسی کے درجہ کے پوتا کا ہونا ہے۔

[۲] مُماثل موجود ہو، جو کہ اسی کے درجہ کی دوسری پوتی کا ہونا ہے۔

[۳] اس سے اوپر کا فرع وارث موجود نہ ہو۔

مثال ۱	۳
۴ پوتیاں	۲
پڑپوتا	۱

مثال ۲	۱۳
۷ پوتیاں	۷
۳ پوتے	۶

مثال ۳	۱
۵ پوتیاں	۰
بیٹا	۱

مثال ۴	۳
۳ پڑپوتیاں	۲
علاتی چچا	۱

تیسرا: سگی بہنیں

❁ سگی بہنیں دو تہائی پائیں گی، جب:

[۱] مُعصب نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد سگا بھائی کا ہونا ہے۔

[۲] مُماثل موجود ہو، جو کہ دوسری ایک یا ایک سے زائد سگی بہنوں کا ہونا ہے۔

[۳] فرعِ وارث کا موجود نہ ہونا۔

[۴] مذکر اصل وارث نہ ہو، جو کہ باپ اور دادا ہیں گرچہ اوپر کے ہی کیوں نہ ہوں۔

مثال ۱	۳
۳ سگی بہنیں	۲
علاتی بھائی	۱

مثال ۲	۱۲
۴ سگی بہنیں	۸
بیوی	۳
علاتی بھائی	۱

مثال ۳	۱
۵ سگی بہنیں	۰
باپ	۱

مثال ۴	۸
۶ سگی بہنیں	۶
سگا بھائی	۲

چوتھا: علاتی بہنیں

❁ علاتی بہنیں دو تہائی پائیں گی، جب:

[۱] مُعصب نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد علاتی بھائی کا ہونا ہے۔

[۲] مُماثل موجود ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد دوسری علاتی بہن کا ہونا ہے۔

[۳] فرعِ وارث موجود نہ ہو۔

[۴] مذکر اصل وارث نہ ہو، جو کہ باپ اور دادا ہیں گرچہ اوپر کے ہی کیوں نہ ہوں۔

[۵] ایک یا ایک سے زائد سگا بھائی اور سگی بہن نہ ہو۔

مثال ۱	۳
۳ علاتی بہنیں	۲
آزاد کرنے والے کا بیٹا	۱

مثال ۲	۱۲
۴ علاتی بہنیں	۴
۴ علاتی بھائی	۸

مثال ۳	۱
۳ علاتی بہنیں	۰
دادا	۱

مثال ۴	۱۲
بیوی	۳
۳ علاتی بہنیں	۸

سگا چچا	۱

خود کو پرکھیں:

❁ درج ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
۳بیٹیاں	
پوتا	

سوال ۲	
۵علاتی بہنیں	
سگا بھائی	

سوال ۳	
۴بیٹیاں	
۵بیٹے	

سوال ۴	
۶پوتیاں	
سگا بھائی	

سوال ۵	
۳بیویاں	
۴علاتی بہنیں	
سگا چچا	

سوال ۶	
شوہر	
۳پوتیاں	
پرپوتی	

سوال ۷	
۳بیویاں	
۸پرپوتیاں	
علاتی بھائی	

سوال ۸	
۲بیویاں	
۲سگی بہنیں	
علاتی بھائی	

سوال ۹	
۴پوتیاں	
بیٹا	

سوال ۱۰	
۵سگی بہنیں	
باپ	

سوال ۱۱	
۳علاتی بہنیں	
دادا	

سوال ۱۲	
۳بیٹیاں	
آزاد کرنے والے کا بیٹا	

❁ دو تہائی پانے والے لوگ بالترتیب یہ ہیں: [۱] ....، [۲] ....، [۳]........................،[۴]........................،[۵]...............................

❁ فہرست میں سے جو مناسب ہو اس کا انتخاب کریں:

۱	دو تہائی پانے والے لوگ وہی ہیں جو نصف پانے والے ہیں:		دو یا دو سے زیادہ۔
۲	دو تہائی پانے کی شرطیں وہی ہیں جو نصف کی شرطیں ہیں:		سوائے شوہر کے۔
۳	تقسیم وراثت کے عالموں کے نزدیک جمع ہے:		کچھ بھی نہیں۔
۴	جب مسئلہ میں ۲/۳ ہو تو مسئلہ ہوگا:		۶ سے۔
۵	جب مسئلہ میں ۲/۳ اور ۱/۲ ہو تو مسئلہ ہوگا:		۱۲ سے۔
۶	جب مسئلہ میں ۲/۳ اور ۱/۸ ہو تو مسئلہ ہوگا:		۲۴ سے۔
۷	جب مسئلہ میں ۲/۳ اور ۱/۸ ہو تو مسئلہ ہوگا:		۳ سے۔
۸	کسی مسئلہ میں ۵ پوتیاں اور ایک پوتا ہو تو ہر ایک کو دیں گے:		۴ سے۔
۹	کسی مسئلہ میں ۲ سگی بہنیں اور ایک سگا بھائی ہو، تو مسئلہ ہوگا:		مرد کو عورت کا دوگنا ملے گا قاعدہ کے تحت

			تعصیباً ملے گا۔
۱۰	کسی مسئلہ میں ۷ سگی بہنیں اور باپ ہو تو سگی بہنوں کو ملے گا:		سوائے اس کے کہ (عدم مماثل) والی شرط (وجود مماثل) میں تبدیل ہو جائے گی۔

ایک تہائی پانے والے:

❁ ثُلث یعنی ایک تہائی پانے والے دو لوگ ہیں:

اول: ماں

❁ ماں کو ثلث ملے گا، جب:

[۱] فرع وارث نہ ہو۔

[۲] بھائیوں یا بہنوں یا دونوں میں سے کوئی ایک اکٹھا نہ ہو۔

[۳] وہ مسئلہ "مسئلہ عمریہ" میں سے نہ ہو، یعنی: مسئلہ میں شوہر اور ماں وباپ نہ ہوں، یا بیوی اور ماں وباپ نہ ہو۔

کیونکہ "مسئلہ عمریہ" میں ماں کو ثلث الباقی ملے گا (شوہر یا بیوی کو اس کا فرض حصہ دینے کے بعد)۔

مثال ۱	۶
شوہر	۳
ماں	۱
باپ	۲

مثال ۲	۴
بیوی	۱
ماں	۱
باپ	۲

مثال ۳	۱۲
بیوی	۳
ماں	۴
سگا بھائی	۵

مثال ۴	۶
شوہر	۳
ماں	۲
علاتی بھائی	۱

دوم: اخیافی بھائی

❁ اخیافی بھائی بہن اس وقت ثلث پائیں گے، جب:

[۱] فرع وارث نہ ہو۔

[۲] مذکر اصل وارث نہ ہو۔

[۳] وہ اکٹھے ہوں – یعنی: دو یا دو سے زیادہ ہوں – چاہے وہ مذکر ہوں یا مؤنث، یا الگ الگ ہوں۔

❁ ثُلث ان کے درمیان برابر تقسیم ہوگا، یعنی مرد وعورت کے بیچ مساوی انداز میں بانٹا جائے گا۔

مثال۱	٦
شوہر	۳
۳ اخیافی بھائی	۲
سگابھائی	۱

مثال۲	۱۲
بیوی	۳
۴ اخیافی بہن	۴
علاتی بھائی	۵

مثال۳	۸
۳ بیویاں	۱
٦ اخیافی بھائی	۰
بیٹا	۷

مثال۴	۳
۳ علاتی بہن	۲
۳ اخیافی بھائی	۱
سگاچچا	۰

خود کو پرکھیں:

❁ ثلث یعنی ایک تہائی پانے والے لوگ ماں اور نانی ہیں: [☐ صحیح ☐ غلط]۔

❁ ثلث پانے والے لوگوں کی تعداد ہے: ☐ دو۔ ☐ تین۔ ☐ چار۔

❁ ایک یا ایک سے زائد اخیافی بہن صرف اسی صورت میں ثلث پائے گی جب اس کے ساتھ ایک یا ایک سے زائد اخیافی بھائی ہوں: [☐ صحیح ☐ غلط]۔

❁ فہرست میں سے جو مناسب ہو اس کا انتخاب کریں:

۱	ماں ثلث پائے گی جب:		مذکر اصل وارث اور فرع وارث نہ ہو۔
۲	اخیافی بھائی بہن ثلث اس وقت پائیں گے جب:		ثلث یعنی ایک تہائی۔
۳	مسئلہ عمریہ وہ ہے جس میں:		مذکر اور مؤنث اس میں دونوں برابر ہیں۔
۴	اخیافی بھائیوں کو دیا جائے گا:		فرع وارث اور دو سے زیادہ بھائی نہ ہوں۔
۵	کسی مسئلہ میں شوہر، ماں اور دادا ہوں تو ماں کو ملے گا:		ثلث الباقی۔
٦	کسی مسئلہ میں شوہر، ماں اور باپ ہوں تو ماں کو ملے گا:		میاں بیوی میں سے کسی ایک کے ساتھ ماں یا باپ ہو۔

❁ مندرجہ ذیل مسائل مکمل کریں:

سوال۱	
ماں	
سگابھائی	

سوال۲	
۳اخیافی بہن	
سگابھائی	

سوال۳	
ماں	
باپ	

سوال۴	
ماں	
دادا	

سوال۵	
شوہر	
ماں	
باپ	

سوال٦	
بیوی	
ماں	
باپ	

سوال۷	
شوہر	
ماں	
دادا	

سوال۸	
بیوی	
ماں	
دادا	

سوال ۹	
شوہر	
۱۳اخیافی بھائی	
سگابھائی	

سوال ۱۰	
بیوی	
ماں	
علاتی بھائی	

سوال ۱۱	
شوہر	
۱۴اخیافی بہنیں	
سگابھائی	

سوال ۱۲	
۳سگی بہنیں	
۱۳اخیافی بہنیں	
آزاد کرنے والے کاباپ	

سوال ۱۳	
علاتی بہن	
۲اخیافی بہنیں	
سگاچچا	

سوال ۱۴	
۳بیٹیاں	
۱۳اخیافی بہنیں	
سگابھتیجا	

سوال ۱۵	
بیوی	
ماں	
سگاچچا	

سوال ۱۶	
شوہر	
ماں	
سگابھتیجا	

سُدس یعنی چھٹا حصہ پانے والے

- سُدس یعنی چھٹا حصہ پانے والے سات لوگ ہیں: باپ، ماں، دادا، نانی، ایک یا ایک سے زائد پوتی، ایک یا ایک سے زائد علاتی بہن اور اخیافی بھائی بہن۔

پہلا: باپ

- باپ کو چھٹا حصہ اس وقت ملے گا جب میت کا کوئی مذکر فرع وارث نہ ہو۔
- اور اسے چھٹا حصہ اور باقی اس وقت ملے گا جب میت کا صرف مؤنث فرع وارث ہی ہو۔

مثال ۱	۶
باپ	۱
۵بیٹے	۵

مثال ۲	۲
بیٹی	۱
باپ	۱

مثال ۳	۳
۳پوتیاں	۲
باپ	۱

مثال ۴	۳
باپ	۲
ماں	۱

دوسرا: ماں

- ماں کو چھٹا حصہ ملے گا، جب:

[۱]میت کا فرع وارث ہو۔

[۲]یا ایک سے زائد بھائی یا بہن ہوں، یا دونوں میں سے ہوں۔

۞ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ بھائی ہو یا بہن ہو یا دونوں الگ الگ ہوں، وہ بھائی بہن سگے ہوں یا علاتی ہوں یا اخیافی ہوں، اور اس سے بھی کوئی اثر نہیں پڑتا کہ وہ وارث ہوں یا کسی شخص (باپ یا دادا) سے مجحوب ہوتے ہوں۔

مثال ۱	٦
ماں	۱
۲اخیافی بہنیں	۲
سگا بھائی	۳

مثال ۲	۱۲
بیوی	۳
ماں	۲
۳علاتی بھائی	۷

مثال ۳	٦
شوہر	۳
ماں	۱
۵اخیافی بہنیں	۲

مثال ۴	٦
۵اخیافی بہنیں	۰
ماں	۱
باپ	۵

تیسرا: دادا

۞ دادا کو سُدس (چھٹا) حصہ اسی وقت ملے گا جب باپ نہ ہو۔

۞ وہ باپ کی طرح ہے سوائے مسئلہ عمریہ کے، وہ سبھی بھائی اور بہن کو مجحوب کرے گا، چاہے وہ: سگے ہوں، علاتی ہوں یا اخیافی ہوں۔

مثال ۱	۴
شوہر	۱
بیٹی	۲
دادا	۱

مثال ۲	۱۲
بیوی	۳
ماں	۴
دادا	۵

مثال ۳	۱
۴ سگی بہنیں	۰
علاتی بھائی	۰
دادا	۱

مثال ۴	۲۴
۳بیویاں	۳
۳بیٹیاں	۱٦
دادا	۵

چوتھا: جدہ (دادی، نانی)

۞ ماں کے رہتے ہوئے جدہ کو کچھ بھی نہیں ملے گا۔

۞ وارث بننے والی جدہ یہ ہیں: نانی، دادی، پردادی گرچہ وہ اوپر کی ہی کیوں نہ ہو جب وہ خالص عورتوں کی طرف سے آرہی ہوں۔

۞ ہر وہ جدہ (دادی، نانی) جو کسی وارث کے ذریعہ قریب آتی ہوں تو وہ وارثہ ہیں، گرچہ وہ دادا کے اوپر باپ سے قریب آتی ہوں۔

۞ لیکن جو بغیر وارث کے قریب آتی ہو، اور یہ وہ ہے جس کے درمیان اور میت کے درمیان ایسا مذکر ہو جس سے پہلے مؤنث ہو جیسے ماں کے باپ کی ماں (پرنانی) کیونکہ یہ ذوی الارحام میں سے ہے۔

۞ جدہ (دادی، نانی) کو سُدس (چھٹا حصہ) ملے گا چاہے وہ ایک ہوں یا ایک سے زیادہ۔

- اگر جدہ کی تعداد ایک سے زیادہ ہو اور قربت کے اعتبار سے سبھی برابر ہوں، تو سُدس ان کے درمیان برابر برابر تقسیم کیا جائے گا، اگر ان میں سے کچھ دوسرے کے مقابلے میں زیادہ قریب ہوں تو دور والی ساقط ہو جائیں گی خواہ وہ ماں کی طرف سے ہوں یا باپ کی طرف سے۔
- اگر ان میں سے کوئی ایک ایک جہت سے قریب آرہی ہو اور دوسری دو جہت سے قریب آرہی ہو تو ایک جہت سے قریب آنے والی کو ثلث السدس (چھٹا حصہ کا ایک تہائی) اور دو جہت والی کو ثلثی السدس (چھٹا حصہ کا دو تہائی) ملے گا۔

مثال ۱	۳
ماں	۱
نانی	۰
سگا بھائی	۲

مثال ۲	۶
نانی	۱
پر دادی	۰
سگا بھائی	۵

مثال ۳	۶
نانی اور دادی	۱
بیٹی	۳
علاتی چچا	۲

مثال ۴	۶
نانی	۱
ماں کے ماں کی ماں (پرنانی)	۰
بیٹا	۵

خود کو پرکھیں:

- داہنی فہرست میں سے جو بائیں فہرست کے لئے مناسب ہو اس کا انتخاب کریں:

۱	باپ کو محض سدس اس صورت میں ملے گا جب:		فرع وارث مؤنث ہو۔
۲	باپ کو سدس اور باقی ملے گا جب:		ثلث کی شرطوں میں سے کوئی شرط نہ پائی جائے۔
۳	ماں کو سُدس (چھٹا حصہ) ملے گا جب:		باپ موجود نہ ہو۔
۴	دادا اس وقت وارث ہو گا جب:		فرع وارث مذکر ہو۔
۵	جدہ (نانی) اس وقت وارث ہو گی جب:		ماں اور باپ۔
۶	کسی مسئلہ میں باپ، ماں، دادا اور نانی ہوں تو ان میں سے وارث ہو گا صرف:		ماں نہ ہو۔
۷	کسی مسئلہ میں بیوی، ماں اور نانی ہوں تو، اصل مسئلہ ہو گا:		۶ سے۔
۸	کسی مسئلہ میں جدہ (دادی) اور سگے چچا ہوں تو، اصل مسئلہ ہو گا:		۴ سے۔
۹	کسی مسئلہ میں بیوی، ماں اور باپ ہوں تو، اصل مسئلہ ہو گا:		۱۲ سے۔

- مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
بیوی	
ماں	
۵ اخیافی بھائی	

سوال ۲	
۳ بیویاں	
۸ بیٹیاں	
ماں	

سوال ۳	
ماں	
نانی	
۴ سگی بہنیں	

سوال ۴	
لکڑپوتی	
ماں	
نانی	

آزاد کرنے والے کا بیٹا	

پرپوتا	

اخیافی بھائی	

دادا	

سوال ۵	
۴پوتیاں	
دادی	
آزاد کرنے والا مرد	

سوال ٦	
بیٹی	
ماں	
باپ	

سوال ۷	
۴بیویاں	
نانی	
باپ	

سوال ۸	
باپ	
بیٹا	
۳بیٹیاں	

سوال ۹	
پوتی	
دادی	
باپ	

سوال ۱۰	
۴بیٹیاں	
ماں	
باپ	

سوال ۱۱	
۳بیٹیاں	
باپ	
پوتا	

سوال ۱۲	
شوہر	
ماں	
باپ	

سوال ۱۳	
ماں	
باپ	
۱۳اخیافی بہنیں	

سوال ۱۴	
ماں	
علاتی بہن	
سگا چچا	

سوال ۱۵	
باپ	
دادا	

سوال ۱٦	
بیوی	
ماں	
دادا	

❁ سُدس (چھٹا حصہ) پانے والے وارثین کی تعداد ہے: □ تین۔ □ سات۔ □ چھ۔ □ پانچ۔

پانچواں: ایک یا ایک سے زائد پوتیاں

❁ ایک یا ایک سے زائد پوتی سُدس اس وقت پائے گی، جب:

[۱] ایک بیٹی موجود ہو جو نصف کی حقدار ہو۔

[۲] اس کا کوئی مُعصِّب نہ، جو کہ اسی کے درجہ کا ایک یا ایک سے زائد پوتا کا ہونا ہے۔

مثال ۱	٦
بیٹی	۳
پوتی	۱
پرپوتا	۲

مثال ۲	۳
۳بیٹیاں	۲
پوتی	۰
علاتی چچا	۱

مثال ۳	۲
بیٹی	۱
پوتی	ع
پوتا	۱

مثال ۴	۲
بیٹی	۱
پرپوتی	۰
پوتا	۱

چھٹا: ایک یا ایک سے زائد علاتی بہن

❁ ایک یا ایک سے زائد علاتی بہن چھٹا حصہ تب پائے گی جب:

[۱] ایک سگی بہن موجود ہو جو نصف حصہ کی حقدار ہو۔

[۲] اس کا مُعصب موجود نہ ہو، جو کہ ایک یا ایک سے زائد علاتی بھائی کا ہونا ہے۔

مثال ۱	٦
سگی بہن	۳
علاتی بہن	۱
سگا چچا	۲

مثال ۲	۳
۳ سگی بہنیں	۲
علاتی بہن	۰
علاتی چچا	۱

مثال ۳	۲
سگی بہن	۱
علاتی بہن	ع
علاتی بھائی	۱

مثال ۴	۳
۳ سگی بہنیں	۲
علاتی بہن	۰
علاتی بھتیجا	۱

ساتواں: اخیافی بھائی بہن

❁ اخیافی بھائی یا اخیافی بہن چھٹا حصہ اس وقت پائیں گے جب:

[۱] فرع وارث نہ ہو۔

[۲] مذکر اصل وارث نہ ہو۔

[۳] وہ تنہا ہوں۔

مثال ۱	٦
اخیافی بھائی	۱
ماں	۱
سگا بھائی	۴

مثال ۲	٦
شوہر	۳
اخیافی بہن	۱
علاتی بھائی	۲

مثال ۳	۱۲
بیوی	۳
اخیافی بھائی	۲
سگا بھائی	۷

مثال ۴	۱
اخیافی بھائی	۰
سگا بھائی	۰
پر پوتا	۱

خود کو پرکھیں:

❁ مندرجہ ذیل مسائل کو مکمل کریں:

سوال ۱	
بیٹی	
پر پوتی	
باپ	

سوال ۲	
بیٹی	
۴ پوتیاں	
پر پوتا	

سوال ۳	
سگی بہن	
۴ علاتی بہنیں	
۲ اخیافی بہنیں	

سوال ۴	
نانی	
دادی	
باپ	

سوال ۵	
بیٹی	

سوال ٦	
۳ بیٹیاں	

سوال ۷	
سگی بہن	

سوال ۸	
۳ سگی بہنیں	

پر پوتی	
پوتا	
دادی	

پوتی	
دادی	
باپ	

اخیافی بہن	
علاتی بہن	
علاتی بھائی	

علاتی بہن	
اخیافی بہن	
علاتی بھتیجا	

سوال ۹	
شوہر	
ماں	
اخیافی بہن	
علاتی بھائی	

سوال ۱۰	
بیٹی	
۳پوتیاں	
باپ	
ماں	

سوال ۱۱	
۴بیٹیاں	
پوتی	
پر پوتا	
باپ	

سوال ۱۲	
سگی بہن	
علاتی بہن	
اخیافی بہن	
اخیافی بھائی	

سوال ۱۳	
سگی بہن	
علاتی بہن	
نانی	
پردادی	
سگا چچا	

سوال ۱۴	
بیوی	
سگی بہن	
علاتی بہن	
آزاد کرنے والا مرد	

سوال ۱۵	
۴بیویاں	
پوتی	
پر پوتی	
دادی	
علاتی بھائی	

سوال ۱۶	
نانی	
دادا کی ماں	
نانا کی ماں	
نانی کی ماں	
باپ	

❁ داہنے فہرست میں سے جو بائیں فہرست کے لئے مناسب ہو اس کا انتخاب کریں:

۱	ماں کی اولاد (ولد الام) میں شامل ہے:		فرع وارث اور مذکر اصل وارث موجود نہ ہو۔
۲	ایک یا ایک سے زائد پوتی سُدس (چھٹا حصہ) پائے گی جب:		مذکر اور مؤنث دونوں۔
۳	ایک یا ایک سے زائد علاتی بہن سُدس پائے گی جب:		ایک بیٹی ہو جو نصف کی حقدار ہو اور اس کا کوئی معصب نہ ہو۔
۴	اخیافی بھائی بہن (ولد الام) سُدس پائیں گے جب:		سگی بہن ہو جو نصف کی حقدار ہو اور اس کا کوئی معصب نہ ہو۔
۵	ہر قریب والی جدہ (دادی، نانی) مجوب کر دے گی:		سُدس (چھٹا حصہ) ان کے مابین تقسیم کیا جائے گا۔
۶	جدہ وارث ہو گی اس شرط کے ساتھ کہ:		اس سے زیادہ حقدار ہے میراث نہ پانے کی وجہ سے۔
۷	جب کئی جدات (دادیاں، نانیاں) اکٹھی ہوں تو:		ہر دور والی جدہ کو۔
۸	ہر وہ جدہ جو بغیر وارث کے میت کے قریب ہوتی ہوں وہ:		ماں نہ ہو۔
۹	ساقط ہو جانے والی جدہ ہے:		نانا کی ماں۔
۱۰	ساقط ہو جانے والی جدہ کی مثال:		وارث نہیں بنے گی۔

اصحاب فروض کی مشق:

وارث		فرض (حصہ)	میراث پانے کی شرطیں
شوہر	١	نصف (آدھا)	اگر اس کی بیوی کا کوئی فرع وارث نہ ہو، اور اس سے مراد اولاد (بیٹا اور بیٹی) اور بیٹوں کی اولاد (پوتا، پوتی، گرچہ نیچے کے ہی کیوں نہ ہوں) ہیں۔
	٢	رُبع (چوتھائی)	اگر اس کی بیوی کا کوئی فرع وارث ہو، خواہ وہ اسی شوہر سے ہو یا دوسرے شوہر سے۔
ایک یا ایک سے زائد بیوی	١	رُبع (چوتھائی)	اگر شوہر کا کوئی فرع وارث نہ ہو۔
	٢	ثُمن (آٹھواں)	اگر شوہر کا کوئی فرع وارث ہو چاہے وہ اسی بیوی سے ہو یا دوسری بیوی سے۔
باپ	١	سُدس (چھٹا)	جب میت کا فرع وارث مذکر ہو۔
	٢	١/٦ اور باقی	جب میت کا فرع وارث مؤنث ہو۔
	٣	تعصیباً	جب میت کا کوئی فرع وارث نہ ہو۔
ماں	١	ثُلث (ایک تہائی)	[١] جب فرع وارث نہ ہو۔ [٢] دو یا دو سے زائد بھائی یا بہن یا دونوں میں سے کسی کا نہ ہونا۔ [٣] وہ مسئلہ "مسئلہ عمریہ" میں سے نہ ہو۔
	٢	سُدس (چھٹا)	اگر میت کا کوئی فرع وارث ہو، یا دو یا دو سے زائد بھائی یا بہن یا دونوں میں سے کسی کا ہونا، اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ بھائی ہوں یا بہن ہوں یا دونوں الگ الگ، چاہے وہ سگے بھائی بہن ہوں یا علاتی یا اخیافی، نیز اس سے بھی کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ باپ یا دادا -جو خالص مذکر کے ذریعہ قریب آتے ہوں گرچہ اوپر کے ہی ہوں- کی وجہ سے وارث بنتے ہوں یا مجوب ہوتے ہوں۔
	٣	ثلث الباقی	جب مسئلہ عمریہ ہو، یعنی مسئلہ میں: [١] شوہر، ماں اور باپ ہوں۔ [٢] یا بیوی، ماں اور باپ ہوں۔
دادا	١	سُدس (چھٹا)	جب باپ نہ ہو، اور وہ باپ کی طرح ہے سوائے "مسئلہ عمریہ" کے، اور وہ تمام بھائیوں اور بہنوں کو مجوب کرے گا چاہے وہ سگے ہوں یا علاتی ہوں یا اخیافی ہوں۔
	٢	١/٦ اور باقی	جب باپ نہ ہو، اور جب میت کا فرع وارث صرف مؤنث ہو۔
جدہ (دادی، نانی)		سُدس (چھٹا) چاہے وہ اکیلی ہوں یا ایک سے زائد	ماں کے موجود ہوتے ہوئے جدات (دادی، نانی) کسی بھی صورت میں وارث نہیں بن سکتیں۔ وارث بننے والی جدہ یہ ہیں: ماں کی ماں (نانی)، باپ کی ماں (دادی)، باپ کے باپ کی ماں (پردادی)، گرچہ وہ اوپر کی ہی ہوں۔ ہر وہ جدہ جو کسی وارث کے ذریعہ قریب آتی ہوں تو وہ وارث بنیں گی، گرچہ وہ دادا کے اوپر والے باپ کے ذریعہ ہی قریب آتی ہوں۔ جو بغیر کسی وارث کے قریب آتی ہوں -اور یہ وہ ہیں جن کے درمیان اور میت کے درمیان ایسا مذکر ہو

			جس کے پہلے مؤنث ہو، جیسے ماں کے باپ کی ماں (نانا کی ماں، پرنانی)-تو وہ ذوی الارحام میں سے ہے۔ جدہ کی میراث سُدس (چھٹا حصہ) ہے چاہے وہ ایک ہوں یا ایک سے زائد ہوں۔ جب جدات متعدد ہوں اور قرابت کے اعتبار سے سبھی برابر ہوں، تو سُدس ان سبھوں کے مابین برابر برابر تقسیم کیا جائے گا۔ ان میں سے کچھ اگر دوسروں کے مقابلے زیادہ قریب ہوں تو دور والی ساقط ہو جائیں گی، چاہے وہ ماں کی طرف سے ہوں یا باپ کی طرف سے۔ اگر ان میں سے کوئی ایک ایک جہت سے قریب آرہی ہو اور دوسری دو جہت سے قریب آرہی ہو تو ایک جہت سے قریب آنے والی کو ثلث السدس (چھٹا حصہ کا ایک تہائی) اور دو جہت والی کو ثلثی السدس (چھٹا حصہ کا دو تہائی) ملے گا۔
ایک بیٹی یا ایک سے زائد بیٹیاں	۱	۱/۲ ایک بیٹی کے لئے	[۱] جب اس کا کوئی مُعصِب نہ ہو (یعنی ایک یا ایک سے زائد بیٹا)۔ [۲] اس کا مُماثل نہ ہو (یعنی دوسری ایک یا ایک سے زائد بیٹی)۔
	۲	۲/۳ دو یا دو سے زائد بیٹی کے لئے	[۱] جب اس کا کوئی مُعصِب نہ ہو (یعنی ایک یا ایک سے زائد بیٹا نہ ہو)۔ [۲] اس کا مُماثل ہو (یعنی دوسری ایک یا ایک سے زائد بیٹی موجود ہو)۔
	۳	عصبہ بالغیر	ایک یا ایک سے زائد بیٹی کے لئے مُعصب کا موجود ہونا (یعنی ایک یا ایک سے زائد بیٹا کا ہونا)۔
ایک یا ایک سے زائد پوتیاں	۱	۱/۲ منفرد کیلئے	[۱] مُعصِب کا نہ ہونا (یعنی پوتا کا نہ ہونا جو اسی کے درجہ میں ہو)۔ [۲] مُماثل کا نہ ہونا (یعنی کسی دوسری پوتی کا نہ ہونا جو اسی کے درجہ میں ہو)۔ [۳] اس سے اوپر کے فرع وارث کا نہ ہونا۔
	۲	۲/۳ جب کئی ہوں	[۱] مُعصِب کا نہ ہونا (یعنی پوتا کا نہ ہونا جو اسی کے درجہ میں ہو)۔ [۲] مُماثل کا ہونا (یعنی کسی دوسری پوتی کا نہ ہونا جو اسی کے درجہ میں ہو)۔ [۳] اس سے اوپر کے فرع وارث کا نہ ہونا۔
	۳	۱/۶ گرچہ کئی ہوں	[۱] اس کے ساتھ ایک ایسی بیٹی کا موجود ہونا جس کا حصہ نصف ہو۔ [۲] پوتی کے مُعصب کا نہ ہونا جو کہ اسی کے درجہ کے ایک یا ایک سے زائد پوتا کا ہونا ہے۔
	۴	عصبہ بالغیر	[۱] پوتی کے لئے ایک یا ایک سے زائد مُعصب کا ہونا، جو کہ اسی کے درجہ کا ایک یا ایک سے زائد پوتا کا ہونا ہے۔
ایک یا ایک سے زائد سگی بہن	۱	۱/۲، اکیلی کے لئے	[۱] مُعصِب کا نہ ہونا (یعنی ایک یا ایک سے زائد سگا بھائی کا نہ ہونا)۔ [۲] مُماثل کا نہ ہونا (یعنی ایک یا ایک سے زائد سگی بہن کا نہ ہونا)۔ [۳] فرع وارث کا نہ ہونا۔ [۴] مذکر اصل وارث (باپ اور دادا) کا نہ ہونا۔
	۲	۲/۳ دو یا دو سے زائد کے لئے	[۱] مُعصِب کا نہ ہونا (یعنی ایک یا ایک سے زائد سگے بھائی کا نہ ہونا)۔ [۲] مُماثل کا موجود ہونا (یعنی ایک یا ایک سے زائد سگی بہن کا ہونا)۔ [۳] فرع وارث کا نہ ہونا۔ [۴] مذکر اصل وارث (باپ اور دادا) کا نہ ہونا۔
	۳	عصبہ مع الغیر	ایک یا ایک سے زائد سگی بہن ایک یا ایک سے زائد بیٹی یا پوتی کے ساتھ عصبہ (مع الغیر) بنتی ہیں۔
